**جواب** ۔ قرآن مجید میں ہے فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً یعنی پانی نہ پاؤ تو پھر تیمم کا حکم ہے۔ سوال کی صورت میں پانی موجود ہے تو پھر تیمم کس طرح درست ہوگا۔

عبداللہ امرتسری از روپڑ ضلع انبالہ مورخہ ۱۳ جمادی الاول ۱۳۶۰ھ ۱۰ جون ۱۹۴۱ء

# غسل کا بیان

## غسل کے بغیر قرآن مجید پڑھ سکتا ہے

**سوال** ۔ غسل جنابت فرض ہے یا واجب یا سنت یا نفل یا مستحب؟

کیا جنابت کی حالت میں سحری کھائی جا سکتی ہے۔ قرآن مجید اور نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

محمد ظفر اقبال مکان نمبر ۱۴۲ سکیم نمبر ۲ گلی گشت کالونی ملتان

**جواب** ۔ غسل جنابت ضروری ہے کیونکہ جنبی کی نماز نہیں ہوتی اور نہ قرآن مجید پڑھ سکتا ہے ہاں سحری کھائی جا سکتی ہے (مشکوٰۃ کتاب الطہارت)

عبداللہ امرتسری روپڑی ۱۶ شوال ۱۳۹۳ھ ۱۶ مارچ ۱۹۶۲ء

# ستر کا بیان

## بغیر بازو بنین پہن کر نماز پڑھنا

**سوال** ۔ اگر ایسی بنین پہن کر نماز پڑھی جائے جس کے بازو نہ ہوں تو نماز ہو جائے گی نیز نماز کتنے کپڑوں میں جائز ہے؟

**جواب** ۔ نماز ایک کپڑے میں بھی ہو سکتی ہے۔ اگر کپڑا چھوٹا ہو تو اس کو تہ بند کی صورت میں پہن لے ورنہ گلتی باندھ لے تاکہ کندھے بھی ڈھک جائیں۔ چنانچہ حدیث میں اس کی تصریح ہے۔